سوال

(217)والدالزنا سے نکاح کرنے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک لڑکا حرام زادہ ہے یعنی زنا سے اس کی پیدائش ہے اس لڑکے سے ایک لڑکی حلال زادی ہے یعنی حلال پیدائش سے ہے آیا ان دونوں لڑکی لڑکے سے نکاح ازروئے قرآن مجید صحیح ودرست ہوگا یا نہیں؟ المستفتی : عبدالرحیم موضع چھوٹی مشگری ڈاکخانہ پورندرپور۔ ضلع بیز محوم۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اس نکاح کے درست نہ ہونے کی وجہ کوئی معلوم نہیں ہوتی اگر کوئی شخص اس کو نادرست بتائے تو اس کا بار ثبوت اس کے ذمہ ہے اگر وہ شخص اس کا کوئی ثبوت دے دے تو سائل اس ثبوت کو یہاں بھیج کر اس کا حال دریافت کرے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ کتبہ : محمد عبداللہ (2/شوال1326ھ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

کتاب النکاح، صفحہ: 414

محدث فتویٰ